8

دوست کی پہچان

4331CH08

ایک جنگل سے دو دوست گزر رہے تھے۔ اچانک انھیں ایک ریچھ دکھائی دیا۔ ریچھ کو دیکھ کر ان میں سے ایک دوست جھٹ سے درخت پر چڑھ گیا اور درخت کی ٹہنیوں میں چھپ کر بیٹھ گیا۔ دوسرا دوست نیچے اکیلا رہ گیا۔

not to be republished

جب اس کو کچھ نہیں سوجھا تو وہ سانس روک کر چُپ چاپ زمین پر لیٹ گیا۔ ریچھ اس کے قریب آیا۔ اس نے اسے سونگھا اور مردہ سمجھ کر چھوڑ دیا۔ ریچھ جب چلا گیا تو دوسرا دوست درخت سے اترا اور اپنے ساتھی سے جا کر پوچھا "تمھارے کان میں ریچھ کیا کہہ رہا تھا؟" پہلے دوست نے جواب دیا "ریچھ نے یہ بتایا کہ ایسے آدمی سے دوستی مت کرو جو مصیبت کے وقت کام نہ آئے اور ساتھ چھوڑ دے۔"

(پنچ تنتر کی کہانی)



مشق

پڑھیے اور سمجھیے

اچانک	ایک دم
قریب	پاس، نزدیک
مردہ	مرا ہوا
مصیبت	دُکھ، پریشانی
درخت	پیڑ

سوچیے اور بتائیے

1. دونوں دوستوں کو جنگل میں کیا دکھائی دیا؟

....

2. ایک دوست درخت پر کیوں چڑھ گیا؟

....

3. دوسرے دوست نے ریچھ سے بچنے کے لیے کیا کیا؟

....

© NCERT not to be republished

4. ریچھ نے دوسرے دوست کو کیوں چھوڑ دیا؟

....

نیچے دیے گئے لفظوں سے خالی جگہوں کو بھریے

کے	پر	میں	نے	سے

1. ایک جنگل .... دو دوست گزر رہے تھے۔
2. وہ چپ چاپ زمین .... لیٹ گیا۔
3. وہ درخت کی ٹہنیوں ...... چھپ کر بیٹھ گیا۔
4. ریچھ اس .... قریب آیا۔
5. اس .... اپنے ساتھی سے پوچھا

کالم 'الف' کو کالم 'ب' سے ملا کر جملہ مکمل کیجیے

الف	ب
ریچھ تمہارے کان میں	درخت پر چڑھ گیا۔
ریچھ کو دیکھ کر ایک دوست	زمین پر لیٹ گیا۔
دوسرا سانس روک کر چپ چاپ	دوست گزر رہے تھے۔
ایک جنگل سے دو	کیا کہہ رہا تھا۔

© NCERT not to be republished

مثال کے مطابق ہندسوں کے ساتھ نام جوڑ کر لفظ بنائیے

مثال : لا + 4 = لاچار

دے + 2 = ...

بر + 7 = ...

9 + کر = ...

30 + را = ...

صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیے

1. دوسرے دوست کو کس نے سونگھا۔

سانپ ☐ ریچھ ☐

2. ہمیں کب ایک دوسرے کے کام آنا چاہیے۔

مصیبت ☐ خوشی ☐

3. پہلا دوست درخت سے اُتر کر کس کے پاس گیا۔

ریچھ ☐ دوست ☐

4. دونوں دوستوں کو جنگل میں کیا دکھائی دیا۔

بندر ☐ ریچھ ☐

© NCERT not to be republished

نیچے دیے گئے لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجیے

دوست ....

درخت ....

کان ....

جنگل ....

زمین ....

مثال کے مطابق اِملا درست کیجیے

ٹلی	جگنل	ود	تسود	اکن	خردت
لیٹ					

بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے

اچانک ....

ٹہنیوں ....

سونگھنا ....

ریچھ ....

مصیبت ....

© NCERT not to be republished

رنگ بھریے



لطیفہ / چٹکلہ

استاد (شاگرد سے): بتاؤ کھٹمل، مچھر اور مکھی میں کیا فرق ہے؟

شاگرد: کوئی فرق نہیں، تینوں ڈاکٹری کا کورس کر رہے ہیں۔

استاد: کیسے؟

شاگرد: مکھی معائنہ کرتی ہے، کھٹمل خون ٹسٹ کرتا ہے اور مچھر انجکشن لگاتا ہے۔

اساتذہ کے لیے ہدایات

- کہانی کو مناسب لب و لہجہ کے ساتھ پڑھنے کا موقع دیا جاسکتا ہے۔
- پنچ تنتر کی کہانیوں سے متعلق طلبا سے بات چیت کرکے ان کو پڑھنے کے مواقع فراہم کروائے جاسکتے ہیں۔

© NCERT not to be republished